Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۸	مطبوعہ روز سہ شنبہ بتاریخ ۲۲ محرم الحرام ۱۳۴۵ھ مطابق ۳ اگست ۱۹۲۶ء	نمبر ۲۱

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصۂ مضمون	صفحہ	نمبر شمار	خلاصۂ مضمون	نمبر صفحہ
۱	رخصت ... صاحب	۲	۱۱	تبدیلی فخر الدین مدرس	۳
۲	برخاستگی سید محمد شاہ	۲	۱۲	تقرر ... بعہدۂ مدرسی	۳
۳	بابت ...	״	۱۳	رخصت مولوی غلام ...	۳
۴	رخصت سلطان حسن صاحب ...	״	۱۴	تقرر مولوی ... بعہدۂ مدرسی	״
۵	ملازمت ... بابت تقرر عہدہ ...	۲ و ۳	۱۵	... صاحب ...	״
۶	تقرر نظیر احمد خان بعہدۂ مدرسی	۳	۱۶	اعلان کتب ...	״
۷	تقرر سید ... حسین بعہدۂ مدرسی	״	[illegible]	تفریحات ... نقشۂ بارش نرخنامۂ اجناس	ضمیمہ
۸	مستقلی ... خان مدرس	״			
۹	برخاستگی برکت ... خان مدرس	״			
۱۰	برخاستگی پیارے لال مدرس	״			

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۱۳ جولائی ۱۹۲۶ء

فرد رخصت داشت صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر دربار ...
رخصت ... ڈاکٹر ... صاحب بوجہ علالت
ایک ماہ کی رخصت منظور ہے۔ کاغذات بغرض اجرائے احکام واپس ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایون احکام ضابطہ جاری ہون رخصت
یوم استفادہ سے شمار ہوگی - جس روز سے وہ مستفید ہون - رپورٹ
آنا چاہیے - ۲۴ / جولائی سنہ ۱۹۲۶ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم
واقع ۲۰ / جولائی سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ ناصیہ عرضداشت صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر
دربارہ برخاستگی سید محمد شاہ محرر فراش خانہ اور نہ ملنے
آیندہ ملازمت کسی دوسرے صیغہ مین - بوجہ عدم تعمیل
حکم تبادلہ -

حکم

رپورٹ منظور ہو - احکام ضابطہ جاری ہون -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

بعرض

جناب عالی

سید محمد شاہ محرر فراش خانہ مشاہرہ دار پندرہ روپیہ ماہوار کو بحکم ۹ / جون
سنہ ۱۹۲۶ء ڈیوڑھی مبارک پر بجائے سید مسعود احمد محرر کے جنکو پندرہ روپیہ
ماہواری مشاہرہ اور چار روپیہ الاؤنس ملتے ہین - تبدیل کیا گیا تھا۔
نامبردہ نے تعمیل نہین کی - اپنا چارج دیکر ڈیوڑھی مبارک سے خود غیر حاضر ہو
سید مسعود کو دونون جگہ کام کرنا پڑتا ہے - اُنکو اطلاع دیگئی کہ وہ فوراً
ڈیوڑھی مبارک پر حاضر ہو جائے - ورنہ انتظام ثانی کیا جائیگا - تاہم حاضر
نہین ہوا - عدم حاضری و عدم تعمیل کیوجہ سے نامبردہ قابل برخاستگی ہو
اور اس لایق ہو کہ کسی دوسرے صیغہ مین اُسکو کوئی جگہ نہ دیجائے - لہذا
بادب عرض ہو کہ حکم برخاستگی نامبردہ و عدم ملازمت آیندہ
شرف صدور پائے - دولت اقبال ہمیشہ برترقی باد

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم
واقع ۲۴ / جولائی سنہ ۱۹۲۶ء

عشرۂ محرم مین سب صیغہ جات متعلق کا انتظام نہایت پسندیدہ طریقہ سے
انجام پایا - مابدولت واقبال اظہار خوشنودی مزاج فرماتے ہین -

حکم ہوا کہ

نقل روبکار ہذا جملہ سکریٹری صاحبان کے پاس بغرض اطلاع مرسل ہون -
اور درج گزٹ کیا جائے -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم
رخصت
۲۶ / جولائی سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت دربارہ
منظوری رخصت مزید ۳ ماہ سلطان حسن بیانی پیشکار صیغہ [illegible]
ٹیکنیکل با انتظام موجودہ -

حکم

مزید رخصت ۳ ماہ با انتظام موجودہ منظور ہے - کاغذات بغرض
اجرائے احکام واپس ہون -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
واقع ۲۳ / جولائی سنہ ۱۹۲۶ء

بسلسلۂ ملاحظہ تشخیص بہات زیر نیلام بعض دیہات مین یہ دیکھا گیا
کہ مستاجران نے نذرانہ تقرر پدھانی وصول کیا ہے - چنانچہ موضع پچ کلاں
تحصیل سوار مین دو پدھانان سے بموجبات ذیل نذرانہ لیا گیا ہے -

۱ - بابت تقرر کرانے پدھان سرکاری -
۲ - بابت تقرر کرنے پدھان مستاجری باختیار خود -
} [illegible]

اس رقم کو مستاجران پچ سے وصول کرکے بحق سرکار کرا دینے کی بابت
جداگانہ حکم بنام تحصیلدار سوار بھیجا گیا ہے - اس روبکار کے ذریعہ سے یہ
عام حکم جاری کیا جاتا ہے کہ پدھانان کا تقرر کر دینا اور اُنسے نذرانہ

یا ستاجر انکا اختیاری فعل نہیں رکھا گیا ہے۔ نہ اس بابت کوئی اجازت ستاجران کو دیگئی ہے کہ سرکاری پیٹھان جو دراصلاً یا جدید مقرر ہوں ان سے ستاجر نذرانہ وصول کرین۔ لہذا ذریعہ روبکار ہذا جملہ تحصیلداران کو اطلاع دیجائے کہ اپنے اپنے پرگنہ مین اسکی جانچ کرتے رہین اور ممانعت کرین کہ کوئی مالگزار اس طریقے سے نذرانہ حاصل نہ کرے اور نہ اپنے اختیار سے پیٹھان کا تقرر کرے۔ ایک ایک نقل جملہ تحصیلات کو اور ایک نقل دفتر بندوبست مین اور ایک نقل اجلاس حاکم صاحب صدر مین بھیجی جائے اور یہ حکم درج گزٹ بھی کرا دیا جائے۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۲۶ ؍ جولائی سنہ ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس مدرسہ منکرہ پرگنہ حضور تحصیل مین نظیر احمد خان کا تقرر امتحاناً برائے چھ ماہ گیارہ روپیہ ماہوار تنخواہ پر کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۲۶ ؍ جولائی سنہ ۱۹۲۶ء

مدرسہ گگیر سیف الدین خان مین بجائے امیر احمد خان مدرس دوم سید امتیاز حسین کا جو منشی و منشی عالم پنجاب و منشی الہ آباد پاس ہے بمشاہرہ بارہ روپیہ امتحاناً برائے چھ ماہ تقرر کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

مستقلی

۲۶ ؍ جولائی سنہ ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ ہیڈ ماسٹر مدرسہ مڈل سکندر شاہ خان مدرس مدرسہ مڈل اپنی موجودہ تنخواہ پر ۲۶ ؍ جولائی سنہ ۱۹۲۶ء سے مستقل کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

برخاستگی

۲۶ ؍ جولائی سنہ ۱۹۲۶ء

سیّد برکت اللہ خان مدرس مدرسہ کراہ تحصیل شاہ آباد بقصور غیر حاضری و نیز ہونے نامبردہ عادی غیر حاضری برخاست کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

برخاستگی

۲۶ ؍ جولائی سنہ ۱۹۲۶ء

سیّد پیارے لال مدرس ڈوہریا تحصیل شاہ آباد بوجہ خرابی کام اور زائد تحریر کرنے رجسٹر مین تعداد طلبا برخاست کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تبدیلی

۲۶ ؍ جولائی سنہ ۱۹۲۶ء

بوجہ کم ہونے تعداد طلبا فی الحال مدرسہ ریوڑی تحصیل شاہ آباد بند کیا گیا۔ اور فخر الدین مدرس پوٹھی مدرسہ کراہ کو تبدیل کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۲۶ ؍ جولائی سنہ ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس مدرسہ گودہی تحصیل بلاسپور مین سیّد بدری پرشاد مڈل پاس کا تقرر بمشاہرہ گیارہ روپیہ ماہوار امتحاناً برائے چھ ماہ کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۷؍ جولائی سنہ ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس مولوی غلام حضرت خان مدرس اول مدرسہ راجدوارہ کی رخصت پندرہ روز بوجہ بیماری ۲۴؍ جولائی سنہ ۱۹۲۶ء سے ۷؍ اگست سنہ ۱۹۲۶ء تک بوضع تنخواہ منظور کی گئی تسخیر احمد مدرس دوم مدرسہ مذکور ایام رخصت میں مدرس اول کا انچارج رہیگا اور اسکو تین روپیہ ماہوار ایام کارکردگی کا الاؤنس ملیگا۔ اور بجائے تسخیر احمد کرامت علی خان کا عارضی تقرر مبلغ دس روپیہ ماہوار پر منظور کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۲۷؍ جولائی سنہ ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس مسیٹے مولا سی رائے مڈل ہندی دانگا تقرر استحقاقاً برائے چھ ماہ بمشاہرہ گیارہ روپیہ بجائے کنہیا لال مدرسہ مڈل میں کیا گیا چونکہ نامبردہ ساتوین درجہ تک انگریزی بھی پڑھا ہوا ہے۔ اس لیے ابتدائی درجون کی تعلیم کا کام بھی اس سے لیا جایگا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۲۷؍ جولائی سنہ ۱۹۲۶ء

صاحب ڈسٹرکٹ و سشن جج کی رخصت دو ہفتہ بوجہ علالت اجلاس ہمایون سے منظور ہوگئی ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

ایام رخصت صاحب ڈسٹرکٹ و سشن جج مین صاحب ایڈیشنل ڈسٹرکٹ سشن جج عدالت ڈسٹرکٹ و سشن ججی کے انچارج رہین گے۔ اور جملہ کام انجام دینگے۔ حکم منظوری رخصت شامل ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون روز استفادہ سے رخصت شمار ہوگی۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہوکر طبع ہوگئی ہین۔ ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہے۔ اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اٹھایئے خود بھی خرید فرماکر پڑھیے۔ اور احباب کو دکھایئے۔

قول شافی۔ یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اردو ترجمہ ہے اسکی عمدگی اسکے نام سے ظاہر ہے۔ جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہے۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک فی جلد ...... ۸؍ ہے

التوحید۔ یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے۔ اسمین خداوند عالم کے وجود اسکی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی ہے۔ اسکی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک ...... ۱۲؍ ہے

العدل۔ یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا دوسرا حصہ ہے جسمین حق تعالے کی عدالت و حکمت سے نہایت بسط و تفصیل کے ساتھ بحث کی گئی ہے۔ قیمت ...... للعہ ہے

خصائص معاویہ۔ یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول جامع حامدی کے ملحقات میں ہے۔ جو در اصل محمد بن عقیل اشعری کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہے۔ بعض مطالب کا اسمین اضافہ کیا گیا ہے۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک ...... ۴؍ ہے

جسقدر نسخے مطلوب ہون مہتمم صاحب کتب خانہ سرکاری کی خدمت مین ارسال فرمایئے۔

ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

نقشہ بارش ہفتہ وار ریاست رامپور من ابتدائے ٢٠ جولائی لغایت ٢٦ جولائی سنہ ١٩٢٦ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد خط	افزوں	تعداد خط	افزوں	تعداد خط	افزوں	تعداد خط	افزوں	تعداد خط	افزوں	تعداد خط	افزوں
٢٠ جولائی سنہ ١٩٢٦ء یوم سہ شنبہ	٠	١٥٨	[illegible]	٢٤٤½	٠	١٨٧	٠	٩٨	٠	٢٥٥	٠	١٣٠
٢١ جولائی سنہ ١٩٢٦ء یوم چہارشنبہ	٠	١٥٨	٠	٢٤٤½	٠	١٨٧	٠	٩٨	٠	٢٥٥	٠	١٦٠
٢٢ جولائی سنہ ١٩٢٦ء یوم پنجشنبہ	٠	١٥٨	٠	٢٤٤½	٠	١٨٧	٠	٩٨	٠	٢٥٥	١٣	١٧٣
٢٣ جولائی سنہ ١٩٢٦ء یوم جمعہ	٠	١٥٨	٠	٢٤٤½	٠	١٨٧	٨	١٠٦	١٣	٢٦٩	٠	١٧٣
٢٤ جولائی سنہ ١٩٢٦ء یوم شنبہ	٥½	١٦٣½	٠	٢٤٤½	١٨	٢٠٥	٠	١٠٦	١٠	٢٧٩	١٣	١٨٧
٢٥ جولائی سنہ ١٩٢٦ء یوم یکشنبہ		١٦٣½	٤	٢٤٨½	٠	٢٠٥	٠	١٠٦	٠	٢٧٩	٠	١٨٧
٢٦ جولائی سنہ ١٩٢٦ء یوم دوشنبہ	٣½	١٨٧	١٠½	٢٥٩	٠	٢٠٥	٨	١١٤	٣	٢٨٣	١٧	٢٠٤

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ٢٦ جولائی لغایت یکم اگست سنہ ١٩٢٦ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	١٦ ا ر	٦ ٦ ر			٦٠ ا ر	١٢ ا ر	
نخود خاص	٧٠ ا ر	٧٠ ا ر			٧ ا ر	٧ ا ر	
نخود کسرہ گذر	٧ ا ر	٧ ا ر			٨ ا ر	٧٠ ا ر	
کسیہ	٧٠ ا ر	٠			٥ ا ر	٧٠ ا ا ر	
ماش	٥ ا ر	٥ ا ر			٤٠ ا ر	٥ ا ر	
مونگ	٥ ا ر	٠			٣ ا ر	٣٠ ا ر	
مکا	٥ ا ر	٠			٠	٦ ا ر	
جنی	٩ ا ر	٠			١١ ا ر	١٠ ا ر	
کوجئی	٥٠ ا ر	٠			٨٠ ا ر	٧ ا ر	
عدس	٦ ا ر	٠			٧٠ ا ر	٦ ا ر	
ارہر	٥ ا ر	٦ ا ر			٧ ا ر	٦ ا ر	
برنج	٥٠ ا ر	٣٠ و ٤ ا ر			٠	٤ ا ر	
روغن زرد	٧ چھٹانک	٧ چھٹانک			١٠ ١١ ا ر	چھٹانک	
روغن سیاہ	١١ ا ر	١١ ا ر			٧ ا ر	١٠ ا ر	
روغن تلخ	٣ ا ر	٠			١ ا ر	١ ا ر	
نمک سانبھر	١٤ ا ر	١٠ ا ر			١٤ ا ر	١٣ ا ر	
نمک لاہوری	٦ ا ر	٨ ا ر			٠	٨ ا ر	
قند سیاہ	٣ ا ر	٣ ا ر			٣ ا ر	٣٠ ا ر	
باجرہ	٩ ا ر	٠			٠	٦ ا ر	

سرکاری پریس ریاست رامپور

نقشہ گوشوارہ حیات ممات متعلقہ ریاست رامپور ماہواری اپریل سنہ ۱۹۲۶ء

نام مقام	تفصیل پیدائش							تفصیل فوتی																		کیفیت
	مرد		عورت		میزان	تفصیل مذہب		ایک سال سے دس سال تک		۱۰ سال سے ۲۰ سال تک		۲۰ سال کی زیادہ		میزان		تفصیل مذہب		تفصیل امراض							از خانہ نمبر ۱۵ لغایت خانہ نمبر ۲۵	
	مسلمان	ہندو	مسلمان	ہندو		مسلمان	ہندو	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلمان	ہندو	ہیضہ	چیچک	تپ	متفرق	مارگزیدہ	دیگر درندہ جانوروں کے کاٹے سے	طاعون		
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۲۶	۴	۲۱	۰	۵۱	۴۷	۴	۱۲	۸	۰	۰	۱۷	۲۱	۲۹	۲۹	۴۷	۱۱	۰	۴	۰	۵۴	۰	۰	۰	۵۸	
گنج	۱۸	۳	۱۴	۰	۳۶	۳۲	۴	۱۳	۸	۱	۲	۱۴	۸	۲۰	۱۰	۴۲	۴	۰	۵	۰	۴۱	۰	۰	۰	۴۶	
حوالی شہر	۱۲	۱۴	۷	۵	۳۸	۱۹	۱۹	۵	۸	۲	۰	۱۱	۷	۱۸	۱۵	۱۷	۱۶	۰	۰	۳۳	۰	۰	۰	۰	۳۳	
عظیم نگر	۲۹	۲۵	۲۰	۱۶	۹۰	۴۹	۴۱	۲۱	۹	۳	۰	۲۲	۷	۴۶	۱۶	۳۹	۲۳	۰	۱۴	۴۶	۲	۰	۰	۰	۶۲	
شاہ آباد	۹	۲۱	۱۴	۱۳	۵۷	۲۳	۳۴	۲۶	۱۴	۳	۹	۲۱	۲۰	۵۰	۴۳	۲۱	۷۲	۰	۳۵	-	۴۳	۰	۰	۱۵	۹۳	
پٹوائی	۸	۲۶	۸	۱۶	۵۸	۱۶	۴۲	۶	۶	۰	۰	۶	۴	۱۲	۱۰	۹	۱۳	۰	۳		۱۹	۰	۰	۰	۲۲	
ملک	۹	۳۸	۵	۳۵	۸۶	۱۳	۷۳	۱۰	۵	۶	۲	۱۶	۱۱	۳۲	۱۸	۹	۴۱	۰	۶	۰	۴۴	۰	۰	۰	۵۰	
بلاسپور	۲۹	۲۸	۲۱	۲۴	۱۰۲	۵۰	۵۲	۹	۶	۲	۳	۲۱	۲۷	۳۲	۳۶	۴۲	۲۶	۰	۴	۶۴	۰	۰	۰	۰	۶۸	
کیمری	۱۵	۳۱	۱۰	۲۵	۸۱	۲۵	۵۶	۵	۱	۳	۰	۲۰	۱۰	۲۸	۱۱	۱۱	۲۸	۰	۰	۰	۳۹	۰	۰	۰	۳۹	
سوار	۲۹	۲۱	۲۵	۹	۸۴	۵۴	۳۰	۱۱	۱۲	۳	۲	۲۹	۱۸	۴۳	۳۲	۴۳	۳۲	۱	۱	۰	۷۳	۰	۰	۰	۷۵	
ٹانڈہ	۱۳	۱۰	۱۳	۵	۴۱	۲۶	۱۵	۶	۸	۱	۲	۱۸	۱۱	۲۵	۲۱	۳۱	۱۵	۰	۴	۰	۴۴	۰	۰	۰	۴۶	
میزان	۱۹۶	۲۲۲	۱۵۸	۱۴۸	۶۹۵	۳۵۵	۳۴۰	۱۲۴	۸۵	۲۴	۲۰	۱۹۵	۱۴۴	۳۴۳	۲۴۹	۳۱۱	۲۸۱	۱	۷۶	۱۴۳	۳۵۷	۰	۰	۱۵	۵۹۲	